1989ء سے مسلسل اشاعت | 11 جون تا 17 جون 2021 | شمارہ نمبر 24 | جلد نمبر 33

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-



APP

IBM
ISO 9001: 2015 CERTIFED

QURAN PAPER
PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER Sinar Tech

SINARSPECTRA
COLOR CUBE

AQNA Brands

FOR BOOKING CONTACT IBM :

UAN: 111-IBM PAK Tel: +92-2132627061-63 Fax: +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com Web: ibmpakistan.com

IBM™

ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Product

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل

محمد سلیم بیکیا

چیئرمین





BMG

بزنس مین گروپ

خامس سعید بٹ

گروپ لیڈر

کی کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

APP
中華紙業
ZHONGHUA-PAPER

IBM™
ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

SGS ISO 14064 · PEFC · China Environment Friendly Enterprise · CQC ISO9001 · CQC ISO14001

## Coated Packaging Board

# ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM
PAKISTAN




SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

**indah kiat**
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS




IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER




SINARSPECTRA
premium colour paper




spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER
*Sinar Tech*



SINARSPECTRA
COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 24 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی

رابطہ: 021-32632362-0308-2933229

weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

**ایڈیٹوریل بورڈ**

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

ڈیزائننگ: سمیر انصاری

پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**

قیمت: 70 روپے

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک تیمار کیٹ کراچی

A/c-No: 010256027140112960

IBAN:PK72SUMB0256027140112960


# کلیئرنگ ایجنٹ کا کردار ختم، درآمد کنندگان کی سہولت کیلئے نیا نظام نافذ

حکومت نے کوریا اور جاپان کی طرز پر درآمد کنندگان کو مالی فائدہ پہنچانے اور سہولت دینے والا نیا نظام متعارف کرادیا جس سے ڈرائی پورٹ پر کلیئرنگ ایجنٹ کا کردار ختم ہوگیا۔ درآمد کنندگان کے سامان کی آسان کلیرنس کے لیے محکمہ کسٹم ڈائریکٹر ریفامز حکام نے آٹو میٹک کمپیوٹرائزڈ سسٹم ملک بھر میں نافذ کردیا ہے، جس کے لیے 'وی بوک' ریفرنس نمبر 215/2169 بھی جاری کردیا گیا ہے۔ اس ریفرنس کے تحت پرنسپل آپریزر اور آپریزر کے 'ماڈل جی ڈی'، 'انٹری' گڈز ڈیکلریشن کو چیک کرنے کے اختیارات ختم کردیئے گے ہیں۔ اب درآمد کنندگان 'ماڈل جی ڈی' گھر بیٹھے ہی کمپیوٹر سسٹم میں فیڈ کرسکیں گے، اور کنٹینرز میں سامان کی کسٹم ڈیوٹی کی ادائیگی کے لیے 'ماڈل جی ڈی' گڈز ڈیکلریشن میں فیڈ سامان کے حوالے سے کمپیوٹر آٹو میٹک سسٹم کے تحت کسٹم ڈیوٹی لگادے گا جس کے بعد امپورٹر کسٹم ڈیوٹی اور شپنگ کمپنی کا کرایہ ادا کرنے کے بعد ڈرائی پورٹ سے چند گھنٹوں کے بعد اپنا کنٹینرز لیجا سکے گا۔ یہ بات زیر غور رہے کہ درآمد کنندہ کی جانب سے 'گڈز ڈیکلریشن' میں کنٹینرز میں ظاہر کیے گئے سامان کی جگہ کوئی اور سامان نکل آیا تو کسٹم حکام آئندہ سے اس امپورٹر کو بلیک لسٹ میں شامل کردیں اور پھر وہ گرین سگنلز سسٹم میں شامل نہیں ہوسکے گا۔ اس حوالے سے ملک بھر کے تمام چیف کلکٹرز کسٹم، ڈائریکٹرز جنرل کسٹم، کلیکٹرز کسٹم اور ڈائریکٹرز کسٹم کو نوٹیفکیشن بھجوادیا گیا ہے۔ اس نئے نظام سے ڈرائی پورٹس سے کنٹینرز کو کلیئر کروانے میں کسٹم کلیرنگ ایجنٹس کردار ختم ہوجائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کسٹم حکام درآمد کنندہ کی جانب سے 'ماڈل جی ڈی' گڈز ڈیکلریشن میں ظاہر کی گئی چیزوں میں سے کسی بھی ایک کنٹینر کو صرف یہ دیکھنے کے لیے چیک کرسکتے ہیں کہ آیا درآمد کنندہ نے جو چیز گڈز ڈیکلریشن میں لکھی ہے وہ ہے یا نہیں۔ اگر کنٹینر میں ظاہر کی گی چیزوں کے برعکس اشیا نکلیں تو نہ صرف اس امپوٹرز سے متعلقہ سامان کی کسٹم ڈیوٹی وصول کی جائے گی بلکہ آئندہ کے لیے اس امپوٹر کو گرین سگنلز سسٹم سے نکال کر بلیک لسٹ سسٹم میں ڈال دیا جائے گا اور اس درآمد کنندہ کے ہر منگوائے گئے سامان کو چیک کرنے کے بعد ہی ڈرائی پورٹ سے باہر بھیجا جاسکے گا۔



لیڈر بزنس مین گروپ لاہور خامس سعید بٹ نے 9 جون کو نئے تعینات چیف ٹریفک آفیسر منتظر مہدی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور پیپر مارکیٹ میں ٹریفک کے مسائل پر تبادلہ خیال کیا


**توجہ فرمائیے**

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

**0308-2933229**


# پراپرٹی ٹیکس کے لئے کمپیوٹرائزڈ چالان جاری

کراچی (بزنس ڈیسک) صوبائی وزیر برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن مکیش کمار چاؤلہ نے جائیداد، پروفیشنل اور موٹر وہیکل ٹیکس نادہندگان سے کہا ہے کہ وہ رواں مالی سال کے اختتام سے قبل اپنے بقایا ٹیکس جمع کرائیں جبکہ محکمہ سندھ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نے آن لائن ٹیکس جمع کرانے کی سہولت فراہم کردی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نجی اور تجارتی گاڑیوں کے مالکان اپنا ٹیکس آن لائن جمع کراسکتے ہیں جبکہ کاروباری افراد ویب سائٹ www.excise.gos.pk پر اپنا کاروبار رجسٹر کراسکتے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پراپرٹی ٹیکس کیلئے کمپیوٹرائزڈ چالان جاری کردیئے گئے ہیں اور اگر اب تک کسی کو موصول نہیں ہوا ہے تو وہ اپنے ضلعی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس سے رابطہ کرسکتا ہے۔ انہوں نے افسران کو ٹیکسوں کی وصولی کے عمل کو تیز کرنے کی بھی ہدایت کی کیونکہ موجودہ مالی سال اختتام کے قریب ہے اور ہمیں رواں مالی سال کے اختتام سے قبل ہی اپنے ٹیکس کے اہداف کو حاصل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس نادہندگان کو بروقت واجب الادا ٹیکس جمع کرانے کے ترغیب دینے کیلئے میڈیا کے ذریعے بڑے پیمانے پر تشہیری مہم بھی چلائی جائے گی۔ انہوں نے ٹیکس نادہندگان سے کہا کہ وہ ٹیکس جمع کرانے کیلئے آن لائن سہولت سے فائدہ اٹھائیں تاکہ انہیں کسی بھی ناخوشگوار صورتحال کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے محکمہ کے افسران اور عملے کے ارکان کو بھی ہدایت کی کہ وہ ٹیکس جمع کرنے والے افراد سے مکمل تعاون اور رہنمائی کریں۔

# پاپگائی کی وزیراعظم سے اپیل

## پیپر و پیپر بورڈ پر ڈیوٹی 5 تا 10 فیصد کی جائے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافکس انڈسٹری نے وزیراعظم عمران خان سے وفاقی بجٹ 22-2021 کے اعلان سے صرف چند روز قبل مقامی اخبارات کے ذریعے اپیل کی ہے کہ وہ ایسا پیپر جو پاکستان میں تیار ہوتا ہے اس پر 10 فیصد اور جو پاکستان میں تیار نہیں ہوتا اس پر 5 فیصد ڈیوٹی کی جائے۔ پاپگائی نے وزیراعظم کی توجہ اس جانب بھی مبذول کرائی کہ تیار پیپر پروڈکٹس، ٹیکسز کی کم از کم شرح اور خام مال پیپر و پیپر بورڈ پر زیادہ سے زیادہ شرح سے کسٹم ڈیوٹی و ٹیکسز کے نفاذ سے پیپر و پرنٹنگ انڈسٹری بحران کا شکار ہے اس تضاد کو بھی فوری ختم کیا جائے تاکہ پرنٹنگ انڈسٹری پھل پھول سکے اور ملک میں روزگار میں اضافہ ہوسکے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# رولنگ نمبر 1534/2021 سے پی سی ٹی ہیڈنگ 4810.1910 کو نکال دیا گیا

## کوٹڈ آرٹ پیپر کی رولنگ اب صرف ریلز کی رہ گئی ہے شیٹس کو نکال دیا گیا ہے، شیٹس اب ڈی وی پر کلیئر ہوں گی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 27 مئی 2021 کو جاری ہونے والی کوٹڈ آرٹ پیپر و آرٹ کارڈ کی رولنگ نمبر 1534/2021 میں ڈائریکٹر کسٹم ویلیوایشن شفیق احمد لٹکی نے کسٹم ایکٹ کی دفعہ 206 کے تحت مندرجہ ذیل تصیح جاری کی ہے اور کہا ہے کہ اسے اس طرح پڑھا جائے۔

**Corrected** تصیح کے بعد

1) In column No (2) S.No. 1, the description of goods may be read as: "One Both sided Coated Art Card/Board with Kaolin (China Clay) or other in organic substances or any kind of coated".

**Original** پہلے -1

1. One/Both sided Coated Art Card/Board with Kaolin (China Clay) or other in-organic substances or any kind of coating printing or other graphic purpose.

**Corrected** تصیح کے بعد

2) In column No. (2), S.No. 2, the description of goods may be read as: "Coated Art Paper in sheets both inside with Kaolin (China Clay) or other in-organic substances or any kind of coated".

**Original** پہلے -2

2. Coated Art Paper in sheets both inside with Kaolin (China Clay) or other in-organic substances or any kind of coating printing or other graphic purpose.

3۔ رولنگ سے PCT ہیڈنگ 4810.1910 کو نکال دیا گیا ہے۔

یہ تمام ترامیم رولنگ جاری ہونے کے ایک ہفتے کے اندر کی گئی ہیں۔ ان ترامیم سے اس بات کی تصدیق ہوگئی ہے کہ 4810.1990 اور 4810.9900 کی ہیڈنگ کوٹڈ بورڈز کے لیے ہیں۔ جبکہ آرٹ پیپر کی ٹورٹ میں 4810.1310 اور 4810.1390 کو برقرار رکھ کر 4810.1910 جو کہ کوٹڈ پیپر شیٹس کے لیے ہے، کو رولنگ سے نکال دیا گیا ہے اور اب رولنگ کا اطلاق صرف ریلز کی امپورٹ پر ہوگا اور شیٹس ڈی وی پر کلیئر ہوں گی اس طرح انڈر انوائسنگ کے ذریعے قومی خزانے کو نقصان پہنچانے کا ایک اور راستہ کھل جائے گا۔ اس تصیح میں 1310 اور 1390 برقرار رکھا گیا لیکن کالم دو میں جو تشریح کی گئی ہے وہ شیٹس ہی کی رکھی گئی ہے اس طرح اس تصیح میں ایک اور تضاد پیدا ہوگیا ہے۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN
DIRECTORATE GENERAL OF CUSTOMS VALUATION
CUSTOM HOUSE, KARACHI
*****

The Collector of Customs, Model Customs Collectorates, Appraisement and Facilitation (East / West) / Port Qasim / Enforcement and Compliance, JIAP, Karachi / (Appraisement and Facilitation / Enforcement and Compliance), AIIA Lahore / Sambrial (Sialkot) / Faisalabad / Multan / Islamabad / Hyderabad / Quetta / Appraisement and Facilitation Peshawar /Gwadar /Gilgit-Baltistan / Exports (Karachi / Port Qasim) / Transit Trade (Karachi).

**Correction under Section 206 of the Customs Act, 1969, regarding Valuation Ruling No. 1534/2021 Dated 27-05-2021**

No.Misc/01/2008-III/ 423.

Dated: 04-06-2021

Please refer to the subject cited above.

2. Following corrections are made in the Valuation Ruling No. 1534/2021 dated 27-05-2021 in terms of Section 206 read with Section 25A of the Customs Act, 1969 :-

In the Table-B, of the said ruling, the following amendments have been made.

1) In column No. (2), S.No. 1, the description of goods may be read as:-
"One/Both sided Coated Art Card/Board with Kaolin (China Clay) or other in-organic substances or any kind of coated"

2) In column No. (2), S.No. 2, the description of goods may be read as:-
"Coated Art paper in sheets both inside with Kaolin (China Clay) or other in-organic substances or any kind of coated"

3) In column No. (3), S.No. 2, the **PCT 4810.1910 is omitted.**

(Shafique Ahmad Latki)
Director

Copy for information to: -
1) The Member Customs (Policy/Operations), F.B.R., Islamabad.
2) The Director General, Customs Valuation, Custom House, Karachi.
3) The Chief Collector of Customs, South (Appraisement), Custom House, Karachi.
4) The Chief Collector of Customs, South (Enforcement), Custom House, Karachi.
5) The Chief Collector of Customs (Central), Lahore.
6) The Chief Collector of Customs (North), Islamabad.
7) The Chief Collector of Customs, (Enforcement), Custom House, Quetta.
8) The Director General, Intelligence and Investigation-FBR, Islamabad.
9) The Director General, PCA& Internal Audit, Karachi.
10) The Director General, IOCO, Karachi
11) The Director General, Transit Trade, Custom House Karachi
12) The Directors, Intelligence & Investigation, Karachi / Lahore / Islamabad/ Quetta/ Peshawar/ Faisalabad.
13) The Director, Transit Trade, Custom House Karachi
14) The Director, Directorate of Customs Valuation, Lahore.
15) The Deputy Director (HQ), Directorate General of Customs Valuation, Karachi, for uploading in One Customs &WeBOC database system.
16) The Chairman (Valuation Committee), FPCC&I, Federation House, Clifton, Karachi.
17) The Chambers of Commerce & Industry, Karachi, Lahore, Islamabad, Hyderabad, Quetta &Peshawar.
18) The Karachi Customs Agents Group, Bohri Road, Karachi.
19) The Webmaster, Federal Board of Revenue, Islamabad.

رولنگ میں ترمیم سے متعلق کسٹم ویلیوایشن ڈپارٹمنٹ کا جاری کردہ نوٹیفکیشن

## ماریہ پرنٹرز کے جاوید چیمہ کے صاحبزادے انتقال کر گئے

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) میسرز ماریہ پرنٹرز اسلام آباد کے جاوید چیمہ کے نوجوان صاحبزادے احمد چیمہ 8 جون 2021 کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ دریں اثناء پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری (پاپگائی) کے چیئرمین باسط ایم اے زیدی، سینئر وائس چیئرمین ڈاکٹر بدر توقیر، وائس چیئرمین عارف حسین صدیقی، وائس چیئرمین محبوب الٰہی و دیگر اراکین ایگزیکٹو کمیٹی نے مرحوم کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## بجٹ میں آفسیٹ پیپر پر آر ڈی کے نفاذ کا امکان

کراچی (پیپر بزنس نیوز) مارکیٹ ذرائع کے مطابق مقامی پیپر مینوفیکچررز اس بات کی کوشش میں ہیں کہ آفسیٹ پیپر پر ریگولیٹری ڈیوٹی نافذ کر دی جائے۔ اس سلسلے میں وفاقی بجٹ جو 11 جون کو پیش ہوگا اس میں اس کے نفاذ کو خارج از امکان قرار نہیں دیا جا رہا ہے۔ کیونکہ سابقہ حکومتوں میں جب شوکت ترین وزیر خزانہ تھے یہ آرڈیننس نافذ ہو چکی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ویکسین بھی اور انعام بھی

پیپر مارکیٹ کے رجسٹرڈ مزدوروں اور ملازمین کے لئے انعام جیتنے کا سنہری موقع

ویکسین لگوا کر اپنا نام اور کارڈ بمع شناختی کارڈ نمبر کے مقررہ دکانوں پر جمع کروائیں

## اور ہر ہفتہ والے دن بذریعہ قرعہ اندازی دس، دس ہزار روپے کے پانچ انعامات جیتنے کا موقع پائیں۔

نوٹ: 1. یہ اسکیم 7 جون 2021 سے لے کر 10 جولائی 2021 تک ہے۔

2. اپنا نام مندرجہ ذیل دکانوں پر انٹری کروائیں۔

میسرز بیکیا پیپر مارٹ　میسرز بلال پیپر مارٹ　میسرز قاضی پیپر مارٹ　میسرز زبیر پیپر مارٹ

اسپانسرز

محمد سلیم بیکیا، چیئرمین بزنس مین پینل، آل پاکستان پیپر مرچنٹس

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

International Business Management

ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.

UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ANM

# A N M TRADING CO

**Importer : Paper & Paper Board**

## Deals in:

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725




5% PERCENT

CUSTOM DUTY BENEFITS AS PER PTA CERTIFICATE

## CARBONLESS PAPER

### NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

For booking please contact

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# ڈی جی ٹی او خالد تواب کی کامیابی کا اعلان کرے، حنیف گوہر

کراچی (نیوز ڈیسک) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے سابق چیئرمین، ایف پی سی سی آئی کے سابق سینئر نائب صدر اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے رہنما محمد حنیف گوہر نے ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن سے مطالبہ کیا ہے کہ عدالتی فیصلے کے بعد ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن ایف پی سی سی آئی کے صدارتی الیکشن 2021 میں غیر قانونی طور پر منتخب کیے گئے بزنس مین پینل کے امیدوار ناصر حیات مگو کے انتخاب کو کالعدم قرار دے کر یو بی جی کے امیدوار خالد تواب کو ایف پی سی سی آئی کے منتخب صدر ہونے کا اعلان کرے۔ انھوں نے کہا کہ 30 دسمبر 2020 کو ایف پی سی سی آئی کے عہدیداران کے انتخاب کے لیے الیکشن منعقد ہوئے جس میں یو بی جی کے صدارتی امیدوار خالد تواب نے 178 ووٹ حاصل کیے جبکہ بزنس مین پینل کے امیدوار ناصر حیات مگوں نے 177 ووٹ حاصل کیے تاہم الیکشن کمیشن نے جانب داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈی جی ٹی او کے 16 دسمبر 2020 میں لکھے گئے لیٹر میں فیڈریشن کے انتخابات کے لیے غیر قانونی قرار دیے گئے لورا لائی چیمبر اور افغان چیمبر کے ووٹوں کو بھی غیر قانونی طور پر گنتی میں شمار کر کے بزنس مین پینل کے ناصر حیات مگو کو ایف پی سی سی آئی کا منتخب صدر ہونے کا اعلان کیا۔ حنیف گوہر نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے اس غیر قانونی عمل کے خلاف یو بی جی نے ڈی جی ٹی او میں درخواست دائر کی جس میں تمام حقائق کو پیش کرتے ہوئے ناصر حیات مگو کے انتخاب کو کالعدم قرار دینے اور یو بی جی کے صدارتی امیدوار خالد تواب کو ایف پی سی سی آئی الیکشن 2020-21 کے منتخب صدر ہونے کے اعلان کی استدعا کی گئی۔ تاہم ناصر حیات مگو نے وقت ضائع کرنے کی غرض سے یو بی جی کی اس درخواست کے خلاف سندھ ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی جسے معزز عدالت نے 19 مئی 2021 کو مسترد کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ اس کیس کو صرف ریگولیٹر ہی سننے کا مجاز ہے۔ حنیف گوہر نے ڈی جی ٹی او سے اپیل کی کہ ترجیحی بنیاد پر 30 دسمبر 2020 کو ایف پی سی سی آئی کے صدارتی انتخاب کا فیصلہ کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر منتخب ناصر حیات مگو کے انتخاب کو کالعدم قرار دے کر یو بی جی کے خالد تواب کو ایف پی سی سی آئی کے منتخب صدر ہونے کا اعلان کیا جائے۔ انھوں نے کہا کہ گزشتہ 6 ماہ سے زائد عرصے سے پاکستان کی بزنس کمیونٹی اپنی حقیقی نمائندگی سے محروم ہے جس کے باعث تاجر برادری کے مسائل حل نہیں ہو رہے۔ حنیف گوہر نے کہا کہ فیصلے میں تاخیر کا مطلب پاکستان کی بزنس کمیونٹی کو انکے جائز حق سے محروم رکھنے کے مترادف ہے۔

# کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کے ممبران کی تعینات پر مبارکباد

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے صدر ایم شارق وہرہ نے پاکستان بھر میں کسٹم اپیلٹ ٹریبونل اور اپیلٹ ٹریبونل ان لینڈ ریونیو میں جوڈیشل ممبران کی تقرری پر معزز چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس گلزار احمد، وزیر اعظم عمران خان اور وزیر قانون ڈاکٹر فروغ نسیم کو مبارکباد دی ہے۔ ایک بیان میں صدر کے سی سی آئی نے اُمید ظاہر کی کہ ان تقرریوں سے پھنسے ہوئے محصولات کی وصولی میں تیزی آئی گی اور ٹیکس دہندگان کو حراساں کئے جانے کے عذاب سے نمٹنے مدد ملے گی۔ کراچی چیمبر کی خواہش ہے کہ تقرر کئے گئے ممبران اپنی قومی ذمے داری کو کامیابی سے ادا کریں۔ صدر کے سی سی آئی نے معزز چیف جسٹس آف پاکستان، وزیر اعظم اور وزیر قانون سے درخواست کی کہ ملک کے وسیع تر مفاد میں وہ آئندہ بھی تمام فورمز پر تقرریوں کو اسی انداز میں انجام دینے کو یقینی بنائیں۔

# ملکی درآمدات، برآمدات پر مال برداری کے اخراجات میں 19 فیصد تک اضافہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملکی برآمدات پر مال برداری کے اخراجات میں رواں مالی سال کے 10 ماہ میں گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 5.85 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق جولائی سے اپریل 2021 تک کی مدت میں برآمدات پر مال برداری کے اخراجات کا حجم 191.20 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا، یہ شرح گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 5.85 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملکی برآمدات پر مال برداری کے اخراجات کا حجم 180.63 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا، اعداد و شمار کے مطابق اپریل 2021 میں ملکی برآمدات پر مال برداری کے اخراجات کا حجم 13.77 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں برآمدات پر مال برداری کے اخراجات کا حجم 11.88 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا، مالی سال 2020 میں ملکی برآمدات پر مال برداری کے اخراجات کا حجم 216.68 لین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ جبکہ رواں مالی سال کے پہلے 10 ماہ (جولائی تا اپریل) کے دوران ملکی درآمدات پر مال برداری کے اخراجات میں 19.44 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق جولائی سے اپریل 2021 کے دوران برآمدات پر مال برداری کے اخراجات کا حجم 1.119 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں درآمدات پر مال برداری کے اخراجات کا حجم 937.14 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔


AAS A A SERVICES

Nasrullah
0332-3274302
M. Maaz Khan
0349-5115915

Color Copy Paper A4 & Legal Size
Color Fancy Paper and Card in Reels & Sheets

Ismail Center, Shop#5, Tayyabji Road, Opp. Burhani Hospital, Off. Shahrah-e-Liaqauat, Karachi.





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کمرشل امپورٹرز سے کم از کم ٹیکس کی شق ہٹائی جائے، مرزا ندیم بیگ

کراچی (نیوز ڈیسک) چیئر مین پاکستان کیمیکل ڈائز اینڈ مرچنٹ ایسوسی ایشن (پی سی ڈی ایم اے) ایم مرزا ندیم بیگ نے وزیر اعظم پاکستان، وزیر مملکت برائے خزانہ، چیر مین ایف بی آر اور دیگر متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ جس طرح 2020 فنانس بل سے قبل کمرشل امپورٹرز کو فائنل ٹیکس رجیم میں رکھا گیا تھا دوبارہ اس قانون کو بحال کرتے ہوئے کمرشل امپورٹرز سے ایم ٹی آر (کم از کم ٹیکس رجیم) والی شق ہٹا کر ایف ٹی آر میں ڈالا جائے۔ حکومت کے اس فیصلے سے کئی کمرشلز امپورٹرز نے اپنے کام بند کر دیے ہیں جس کی وجہ سے معاشی صورت حال بہت خراب ہوتی جا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کمرشل امپورٹر جو امپورٹ کے موقع پر بل آف انٹری پرایڈوانس ٹیکس کی مد میں کاٹ لیا جاتا تھا اور کمرشل امپورٹر کے لیے وہ فائنل ٹیکس شمار ہوتا تھا لیکن فنانس بل 2020 میں کمرشل امپورٹرز کے لیے ایم ٹی آر کا قانون لاگو کر دیا گیا ہے جو اس شعبے سے وابستہ افراد کے معاشی قتل کے مترادف ہے۔

## امن وامان کی بگڑتی صورتحال کا نوٹس لیا جائے، کراچی چیمبر

کراچی (بزنس ڈیسک) چیئرمین بزنس مین گروپ زبیر موتی والا اور صدر کراچی چیمبر شارق وہرہ نے کہا ہے کہ بینکوں کے باہر لوٹ مار کا بازار گرم ہے اور تاجر برادری کی جانب سے بے پناہ شکایات موصول ہو رہی ہیں، مختلف علاقوں کی تمام ہی مارکیٹوں سے بینکوں کے باہر عوام کو بلاخوف وخطر لوٹا جا رہا ہے، کیا قانون نافذ کرنے والے صرف ایس او پیز پر عمل درآمد کرائیں گے، ڈکیتیوں و لوٹ مار سے کون بچائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال ان دنوں لوٹ مار کے واقعات بڑھتے ہیں لیکن اس سال یہ واقعات غیر معمولی ہیں، گن پوائنٹ پر لوٹتے ہوئے مزاحمت پر گولیاں ماری جا رہی ہیں، کرمنلز کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے۔ شارق وہرہ نے کہا کہ سندھ حکومت، آئی جی، ڈی جی رینجرز بگڑتی صورتحال کا نوٹس لیں، لٹیروں کیخلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## تاجروں کے مطالبات پر جلد فیصلہ کرینگے، سندھ حکومت

کراچی (بزنس ڈیسک) سندھ حکومت نے تاجروں کے مطالبات پورے کرنے اور ہفتے میں ایک چھٹی کی تجویز پر جلد فیصلہ کرنے کی یقین دہانی کروادی۔ کراچی تاجر ایکشن کمیٹی کے وفد نے صوبائی وزیر ناصر حسین شاہ سے ان کے دفتر سندھ اسمبلی میں ملاقات کی، وفد میں رضوان عرفان، حکیم شاہ، جمیل پراچہ، شرجیل گوپلانی، وقاص عظیم اور رانا رئیس شامل تھے۔ تاجروں نے لاک ڈاؤن کے دوران تاجروں پر ہونے والی ایف آئی آرز واپس لینے، شادی ہالز کو محدود افراد اور ایس او پیز کے تحت کھولنے اور ریسٹورنٹس کو محدود افراد کے ساتھ ڈائن ان اور 24 گھنٹے ڈیلیوری کی اجازت دینے کا مطالبہ کیا، ملاقات میں ناصر حسین شاہ نے کہا کہ تاجروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے اور مارکیٹوں میں ایک دن کی چھٹی کی تجویز آئندہ ٹاسک فورس کے اجلاس میں پیش کی جائے گی۔

## اندرون سندھ تاجروں کیلئے فوکل پرسن بنایا جائے، ڈاکٹر صادق

کراچی (بزنس ڈیسک) ڈائریکٹوریٹ انٹیلی جنس اینڈ انوسٹی گیشن کے ڈائریکٹر ڈاکٹر صادق اللہ نے کہا ہے کہ اندرون سندھ بزنس کمیونٹی کو جو مسائل درپیش ہیں اس کیلئے فیڈریشن چیمبر آف کامرس ہمیں کراچی، حیدرآباد، سکھر کیلئے اپنے فوکل پرسن دے تاکہ مسائل کو حل کیا جائے اور سامان کو کسی بھی تاخیر کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایف پی سی سی آئی کی سندھ ریجنل قائمہ کمیٹی برائے کسٹم انٹیلی جنس کے کنوینز عامر فاروقی کی صدارت میں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر صادق اللہ نے آکشن کے حوالے سے کہا کہ وہ سختی سے اس بات کا پابند کرینگے کہ آکشن سے پہلے علاقہ کے چیمبرز کو ضرور آگاہ کیا جائے۔


## کاروباری مواقع

## TENDERS

### نیشنل سیکورٹی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: N-LP/T-206/2021

گرین کور پیپر ریل، تعداد: 15 ریل

ٹینڈر حوالہ نمبر: N-LP/T-207/2021

لوکل کرافٹ پیپر، تعداد: 15 ریل

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 22 جون 2021

برائے رابطہ: جنرل منیجر پرچیز، جناح ایونیو، ملیر ہالٹ، کراچی۔

فون: 021-99248511-15

☆ مشتہرین توجہ فرمائیں ☆

ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام "پیپر بزنس" کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی "رسید" لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس کے اس فون نمبر پر مطلع کریں۔ (ادارہ)

0308-2933229

**FAIR TRADE** (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bullehshah (Packages) | Bleached Board |
| Crown (Fazal Paper) | Duplex Board |

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# نیسلے پاکستان نے پیپر اسٹرا متعارف کرادیئے

لاہور(نیوز ڈیسک)نیسلے پاکستان پیکس کی اپنی تمام اقسام میں پیپر سٹرا متعارف کروانے والی پاکستان کی پہلا کمپنی بن گئی ہے۔اس اقدام سے 400 ملین سے زائد پلاسٹک سٹرا کا خاتمہ ہو گا جو نیسلے پاکستان کے سسٹین ایبلیٹی ٹرانسفارمیشن کے سفر میں ایک اہم کامیابی ہے۔یہ اقدام کمپنی کے اپنے 100 فیصد پیکیجنگ کو 2025 تک ری سائیکل اور دوبارہ استعمال کے قابل بنانے کے عالمی عہد کے مطابق ہے۔نیسلے پاکستان کے برانڈز کی آر ٹی ڈی مصنوعات اب فاریسٹ سٹیوورڈ شپ کاؤنسل کے تصدیق شدہ پیپر سے تیار کردہ پیپر سٹرا کے ساتھ مارکیٹ میں دستیاب ہیں۔ثامر شدید، چیف ایگزیکٹو آفیسر، نیسلے پاکستان نے کہا''ہم نے تیار مشروبات کی تمام مصنوعات میں پیپر سٹرا متعارف کر رہے ہیں جنہیں انتہائی ذمہ داری کے ساتھ حاصل کیا گیا ہے جو معیار کی سخت شرائط پر پورا اترنے کے ساتھ ساتھ پینے کیلئے محفوظ ہیں۔''نیسلے کے پائیدار پیکیجنگ ٹرانسفارمیشن کے عالمی سفر پر روشنی ڈالتے ہوئے ثامر شدید نے کہا''ہمارا وژن ہے کہ ہماری پیکیجنگ ویسٹ کو زمین، سمندروں، جھیلوں اور دریاؤں میں ٹھکانے نہیں لگایا جائے۔ اس مقصد کے حصول کیلئے ہم نے 2025 تک پلاسٹک پیکیجنگ کو 100 فیصد دوبارہ قابل استعمال بنانے یا ری سائیکل کرنے کا عزم کر رکھا ہے اور پیپر زسٹرا کی طرف منتقلی اس سمت میں ایک بڑا قدم ہے۔ثامر شدید کا کہنا تھا کہ بہت سارے لوگ پلاسٹک سٹرا استعمال کرتے ہیں اس لئے پیپر سٹرا کی طرف منتقلی سے صارفین کو مختلف تجربے کا سامنا کرنا پڑے گا۔''ہم پاکستان بھر میں نیسلے کے لاکھوں قابل اعتماد صارفین کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ اس تبدیلی کو قبول کرتے ہوئے مزید پائیدار مستقبل کے سفر میں ہمارا ساتھ دیں۔''پلاسٹک پیکیجنگ کے چیلنجز اور اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے ثامر شدید نے واضح کیا کہ''پلاسٹک پیکیجنگ صارفین تک اعلیٰ معیار کی خوراک اور مشروبات کی محفوظ انداز میں فراہمی اور خوراک کے ضیاع کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اس لئے ہمیں تبدیلی لانے سے قبل متبادل کے بارے میں محتاط انداز میں غور کرنا ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ''ہمیں یقین ہے کہ صحیح سوچ کے ساتھ پلاسٹک کو اکٹھا کرنا اور اس کی ری سائیکلنگ ماحول پر مضر اثرات مرتب کئے بغیر ممکن ہے۔''نیسلے پاکستان نے 2020 میں ضلعی کونسل ہنزہ اور گلگت بلتستان ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے تعاون سے کلین ہنزہ پراجیکٹ کا آغاز کیا تھا۔اب تک ہنزہ کو ویسٹ فری بنانے کیلئے اس پراجیکٹ کے تحت 2021 میں 200 ٹن جبکہ 2025 تک 1000 ٹن پیکیجنگ کے کچرے کے انتظام وانصرام پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔نیسلے پاکستان نے TREK پروگرام کے تحت شمالی علاقہ جات کو ویسٹ فری کرنے اور خطے میں ذمہ دار سیاحت کے فروغ کیلئے عالمی بینک اور حکومت خیبر پختونخوا کے ساتھ شراکت داری بھی قائم کی ہے۔

## سندھ میں کورونا ایس او پیز کا نیا حکم نامہ جاری

کراچی(نیوز ڈیسک)محکمہ داخلہ سندھ نے کورونا ایس او پیز کا نیا حکم نامہ جاری کر دیا۔اتوار 6 جون 2021 کو وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیر صدارت ٹاسک فورس کا اجلاس ہوا تھا جس میں فیصلہ کیا گیا تھا کہ صوبے بھر کے تمام کاروباری مراکز اب شام 6 کے بجائے 8 بجے تک کھلے رکھنے کی اجازت ہوگی، اس حوالے سے محکمہ داخلہ سندھ نے کورونا ایس او پیز کا باضابطہ حکم نامہ جاری کر دیا ہے، جس کے تحت کورونا ہاٹ اسپاٹ علاقوں میں پابندی برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ حکم نامے کے مطابق صوبے میں تمام کاروباری مراکز رات 8 بجے تک کھولے جائیں گے، بیکریاں اور دودھ کی دکانیں رات 12 بجے تک کھولنے کی اجازت ہوگی، ریسٹورنٹ ٹیک اوے سروس رات 12 بجے تک کر سکیں گے، ریسٹورنٹ کو آؤٹ ڈور سروس کی اجازت ہوگی، کاروباری مراکز میں کام کرنے والے ملازمین کی کورونا ویکسینیشن لازمی قرار دی گئی ہے۔حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ صوبے میں نمائش کے لیے ایکسپو ہالز پر پابندی برقرار اور شادی ہالز بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جم، انڈور گیمز پر پابندی برقرار رہے گی، کراچی میں جمعہ اور اتوار کو کاروبار بند رہے گا، مزارات، سینما، تھیٹر اور تمام پارکس بند رکھے جائیں گے، بین الصوبائی ٹرانسپورٹ ہفتہ اور اتوار کے دن بند رہے گی۔

## اوورلوڈنگ کے خاتمے کیلئے ہرفورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے، گڈز ٹرانسپورٹرز

لاہور(نیوز ڈیسک)آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی رہنما محمد اویس چوہدری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ اوورلوڈنگ کے خاتمے کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے، تبدیلی سرکار اپنے رویے میں تبدیلی لائے اور آئینی اور قانونی مطالبے پر فوری عملدرآمد کرائے، ہمیں قانون پر عملدرآمد کروانے کی خاطر مظاہرے کرنے پر مجبور نہ کیا جائے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گڈز ٹرانسپورٹرز کے مختلف وفود اور ایسوسی ایشن کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔محمد اویس چوہدری ایڈووکیٹ نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان خود کو قانون کا علمبردار کہتے ہیں اور ہر تقریر میں لاقانونیت کو ختم کرنے کا اعلان کرتے ہیں لیکن اسلام آباد ہائیکورٹ کے ملکی مفاد میں تمام قومی شاہراہوں پر اوورلوڈنگ کے ناسور کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے ایکسل لوڈ قانون پر مکمل عملدرآمد کروانے کا آرڈر جاری کیا ہے جس پر آج تک عملدرآمد نہیں کروایا گیا۔انہوں نے کہا کہ دنیا کے کسی ملک میں ایسا ہوتا ہے کہ موٹروے پر ایکسل لوڈ قانون کا نفاذ ہو اور دیگر شاہراہوں پر اوورلوڈنگ کی اجازت ہو، آپ نے تو قوم سے دو نہیں ایک پاکستان کا وعدہ کیا تھا جب تک آپ اپنے وعدے کی پاسداری نہیں کریں گے اور موٹروے کی طرح تمام قومی شاہراہوں پر یکساں قانون کا اطلاق نہیں ہوگا تب تک ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے۔حکومت کو پیشگی آگاہ کر رہے ہیں کہ اگر عدالتی حکم پر عملدرآمد نہ ہوا تو ہم ہڑتال اور اہم قومی شاہراہوں پر ٹرک ٹریلر کھڑے کر کے روڈ بلاک کرنے سے بھی گریز نہیں کریں گے۔

## تاجروں کیلئے فکسڈ ٹیکس نظام متعارف کرایا جائے، اسلام آباد چیمبر

اسلام آباد(نیوز ڈیسک)اسلام آباد چیمبر نے وفاقی بجٹ 2021-22 کیلئے اپنی تجاویز حکومت کو پیش کر دی ہیں اور ساتھ ہی مطالبہ کیا ہے کہ ان تجاویز کو حتمی بجٹ میں شامل کیا جائے جس سے کاروباری سرگرمیوں کو بہتر فروغ ملے گا، اس سلسلے میں بزنس کمیونٹی کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسلام آباد چیمبر کے صدر سردار یاسر الیاس خان نے کہا کہ چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری معیشت میں کلیدی اسٹیک ہولڈر ہیں لہٰذا حکومت کو چاہیے کہ ہمیشہ چیمبروں کے صدور کی مشاورت سے وفاقی بجٹ کو حتمی شکل دے تا کہ ایسا بجٹ تشکیل دیا جائے جو کاروباری اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں معاون ثابت ہو۔سردار یاسر الیاس خان نے کہا کہ رینٹل انکم پر اس وقت تقریباً 35 فیصد تک ٹیکس عائد ہے جو بہت زیادہ ہے لہٰذا انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت آئندہ بجٹ میں اس ٹیکس کو کم کر کے 10 فیصد تک لائے جس سے ٹیکس کلچر کی حوصلہ افزائی ہوگی۔

توجہ فرمائیے
پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# مقامی ڈپلیکس بورڈ، آرٹ کارڈ اور آفسیٹ آئی کے کی قیمتوں میں کمی، کاربن لیس، فوٹو کاپی اور آرٹ پیپر میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں، 9 جون کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں فوٹو کاپی پیپر، آرٹ پیپر اور کاربن لیس پیپر کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ جبکہ آفسیٹ آئی کے، آرٹ کارڈ اور مقامی ڈپلیکس بورڈ کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز تمام گرام، 300 روپے سے کم ہو کر 295 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80 گرام 244 روپے سے بڑھ کر۔ تمام سائز 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 242 روپے سے بڑھ کر 248 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز 3850، روپے سے بڑھ کر 4000 روپے فی ریم ہو گیا ہے۔ امپریشن ڈاٹ چائنا 24x34 سائز 3850، روپے سے بڑھ کر 4000 روپے فی ریم ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام، 105 روپے سے کم ہو کر 103 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 96 روپے سے کم ہو کر 95 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ امپورٹڈ آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 215 روپے سے کم ہو کر 212 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 495 روپے سے بڑھ کر 505 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 590 روپے سے بڑھ کر 600 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پی پی سی F4B۔70 گرام، 610 روپے سے کم ہو کر 600 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 500 روپے سے بڑھ کر 510 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی 13.5 F4-A ۔70 گرام، 650 روپے سے کم ہو کر 640 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی A3۔70 گرام، 1100 روپے سے کم ہو کر 1080 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پیپر لائن گولڈن 80 گرام، 650 روپے سے کم ہو کر 620 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پیپرون 70 گرام، 550 روپے سے کم ہو کر 540 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ کلر سنار اسپیکٹرا 80 گرام، 195 روپے سے بڑھ کر 200 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ ZAP، 70 گرام، 490 روپے سے بڑھ کر 495 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ ZAP، 80 گرام، 590 روپے سے بڑھ کر 600 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ میسٹر و مونڈی 72 گرام، 480 روپے سے بڑھ کر 485 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔

# ڈالر کے مقابلے پاکستانی روپیہ کی قدر میں گراوٹ کا سلسلہ جاری

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹر بینک اور مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کے مقابلے پاکستانی روپیہ کی قدر میں گراوٹ کا رجحان دیکھا گیا۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مطابق منگل 8 جون کو انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں 55 پیسے کا اضافہ ہوا جس کے باعث ڈالر کی قیمت خرید 155.05 روپے سے بڑھ کر 155.60 روپے اور قیمت فروخت 155.15 روپے سے بڑھ کر 155.70 روپے ہو گئی جب کہ اوپن مارکیٹ میں امریکی ڈالر کی قیمت خرید 20 پیسے کے اضافے سے 155 روپے سے بڑھ کر 155.50 روپے اور قیمت فروخت 50 پیسے کے اضافے سی 155.40 روپے سے بڑھ کر 155.90 روپے ہو گئی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قیمت خرید ایک روپے کے اضافے سی 187.50 روپے سے بڑھ کر 188.50 روپے اور قیمت فروخت 1.50 روپے کے اضافے سی 189 روپے سے بڑھ کر 191.50 روپے ہو گئی جب کہ برطانوی پاونڈ کی قیمت خرید ایک روپے کے اضافے سے 218.50 روپے سے بڑھ کر 219 روپے اور قیمت فروخت 220 روپے سے بڑھ کر 221 روپے ہو گئی۔

# ملک میں پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار میں 2.61 فیصد اضافہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار میں رواں مالی سال کے دوران گزشتہ مالی سال کے مقابلہ میں کمی جبکہ مارچ کے مہینہ میں ماہانہ بنیادوں پر اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال کی پہلی تین سہ ماہیوں میں ملک میں 552,824 ٹن پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 0.60 فیصد کم ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملک میں 556,158 ٹن پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار ریکارڈ کی گئی تھی۔ مارچ میں ملک میں پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار میں گزشتہ سال مارچ کے مقابلہ میں 2.61 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ گزشتہ سال مارچ میں ملک میں 64,353 ٹن پیپر اینڈ بورڈ کی پیداوار ہوئی تھی جو رواں سال مارچ میں بڑھ کر 66,034 ٹن ہو گئی ہے۔ واضح رہے کہ ملک میں رواں مالی سال کی پہلی تین سہ ماہیوں میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں گزشتہ مالی سال کے مقابلہ میں 8.99 فیصد اضافہ ہوا ہے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# حکومت شپنگ کمپنیوں کے قائم کردہ کارٹیل کو ختم کرائے، یونائیٹڈ بزنس گروپ

